© rasailojaraid.com



# اخبار الجامعۃ

## تقریب اختتام بخاری شریف و تقسیم انعامات

سابقہ روایات کی طرح امسال بھی 17 جنوری 1993ء کو جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں بخاری شریف کے اختتام پر ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقعہ پر تقسیم انعامات کی ایک خصوصی تقریب بھی ظہر کی نماز کے متصل بعد منعقد کی گئی۔ جس کی صدارت حاجی بشیر احمد (انصاف والے) نے فرمائی اور سید فاخر الاسلام کمشنر انکم ٹیکس فیصل آباد مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ مدیر التعلیم پروفیسر یٰسین ظفر صاحب نے معزز مہمانوں کو سپاسنامہ پیش کیا اور دو طلباء نے تقریریں کیں۔ جن کو مہمانان گرامی نے بہت سراہا۔

## تقریب بخاری شریف

نماز عصر کے فوراً بعد جامعہ کی وسیع مسجد میں تقریب بخاری شریف کا آغاز ہوا۔ قاری محمد ابراہیم میر محمدی صاحب نے تلاوت فرمائی۔ اس کے بعد جامعہ سلفیہ کے شیخ الحدیث حضرت علامہ حافظ عبدالعزیز علوی' حفظہ اللہ نے نہایت ہی عالمانہ' فاضلانہ اور محققانہ درس ارشاد فرمایا۔ اس پر رونق اور باوقار محفل میں شرکت کے لئے مرکزی جمعیت اہلحدیث کے امیر حضرت علامہ پروفیسر ساجد میر صاحب بطور خاص تشریف لائے۔ آپ نے اس موقعہ پر نہایت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مدلل اور فاضلانہ خطاب فرمایا اور آخر میں فارغ التحصیل ہونے والے علماء کو تحائف تقسیم کیئے۔ یہ بابرکت مجلس نماز مغرب تک جاری رہی۔

## محفل حسن قراۃ

امسال تقریب بخاری شریف کے سلسلہ میں نماز عشاء کے بعد محفل قراۃ کا خاص اہتمام کیا گیا۔ جس میں شعبہ حفظ القرآن سے فارغ ہونے والے حفاظ نے قاری محمد ابراہیم صاحب کو اپنا آخری سبق سنایا۔ بعد ازاں قاری صاحب نے اپنی مسحور کن آواز میں تلاوت فرمائی اور سبع قرأۃ کا شاندار مظاہرہ فرمایا۔ اس تقریب کے آخر میں شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ نے پرنم آنکھوں سے دعا فرمائی ۔

## اعلیٰ تعلیم کیلئے طلباء جامعہ کی بیرون ملک روانگی

جامعہ سلفیہ اپنی معیاری تعلیم کے باعث ہر جگہ اپنا ایک مقام رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ غیر ملکی یونیورسٹیوں والے ہر سال طلباء جامعہ کو اپنے ہاں ضرور داخلہ دیتے ہیں۔ بفضل اللہ اس سال بھی چار طلباء کا عرب یونیورسٹیوں میں داخلہ ہوا۔ دو طلباء جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ اور دو طلباء جامعہ ام القریٰ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے۔ یہ چاروں طلباء اعلیٰ تعلیم کے لئے بیرون ملک پچھلے دنوں روانہ ہوچکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان کو ان کی سعی میں کامیاب فرمائے۔ (آمین)

© rasailojaraid.com